Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۸ { مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۹ ذی قعدہ سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۲ فروری سنہ ۱۹۳۶ء } جلد ۳۸

حصہ دوم (الف)

احکام عالیمرتبت منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲	۴	فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۴ تا ۷
۲	" " عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۳	۵	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۷ تا ۱۰
۳	" " عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر	"	۶	نقشہ نرخ نامہ اجناس	۱۱

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

قائمی محصول

۱۳ فروری سنہ ۱۹۳۶ء

حسب تجویز میونسپل بورڈ شکر ولائتی و دیسی بحساب آٹھ آنہ فی من اور تمباکو بحساب ۱۰ فی من بوزن انگریزی محصول لئے جانیکی منظوری دیجاتی ہے اصل کاغذات برغرض کارروائی وعملدرآمد چیرمین صاحب میونسپل بورڈ کی خدمت میں مرسل ہوں اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاے

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

تصحیح

۱۳ فروری سنہ ۱۹۳۶ء

قانون میونسپلٹی ریاست رامپور کی دفعہ ۹۹ ضمن (ب) کی سطر ۲ میں بجائے دفعہ ۹۴ کے دفعہ ۳۲ طبع ہو گیا ہے یہ غلطی بظاہر کتابت کی معلوم ہوتی ہے چیرمین صاحب میونسپل بورڈ نے تصحیح کے لئے تحریک کی ہے لہذا حسب تجویز چیرمین صاحب میونسپل بورڈ تصحیح منظور ہے۔ اصل کاغذات میونسپل بورڈ کو واپس ہوں ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

توسیع

۱۵ فروری سنہ ۱۹۳۶ء

حسب اتفاق رائے صیغہ فائنانس و سروس کمیشن بورڈ میڈیکل ڈپارٹمنٹ میں ڈاکٹر حامد علیخان کی جگہ پر بیکم ۱۲ اگست سنہ ۱۹۳۵ء ڈاکٹر غلام عباس کا تقرر غیر مستقل بعہدہ اسسٹنٹ سرجن بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار امتحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا تھا۔ اب حسب تجویز صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر۔ ڈاکٹر غلام عباس کی مدت امتحانی میں چھ ماہ کی توسیع منظور کیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام مناسب جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ مثل منفصلہ ۱۲ اگست سنہ ۱۹۳۵ء نمبری ۳۳ سنہ ۳۵ء سررشتہ داخل محافظ خانہ ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

۱۵ فروری ۱۹۳۶ء

مثبتہ یادداشت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر دربار منظوری رخصت رعایتی سات یوم منشی محمد محسن اہلمد صدر مشاہرہ ۲۲ روپیہ ماہوار از ۸ لغایت ۱۴ فروری ۱۹۳۶ء بذمہ داری سید منظور حسین اہلمد صدر اکاؤنٹ آفس۔

حکم

حسب رپورٹ رخصت رعایتی سات یوم منظور ہے۔ بغرض اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسلہ ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

رخصت

۱۵ فروری ۱۹۳۶ء

مثبتہ یادداشت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر دربار منظوری رخصت ۲۱ یوم منشی گردھاری لال اہلمد مشاہرہ ۲۱ روپیہ ماہوار تعینہ محافظخانہ صدر سیکشن سے از ۱ لغایت ۱۰ فروری ۱۹۳۶ء صدر اکاؤنٹ آفس۔

حکم

رخصت رعایتی ۱۰ یوم حسب سفارش منظور کیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر کو برائے اجرائے احکام مرسلہ ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر

رخصت

۱۰ فروری ۳۶ء

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب گورکھا کمپنی۔ معروضہ ۱۰ فروری ۱۹۳۶ء جمعدار منوہان سنگھ صاحب گورکھا کمپنی کو رخصت ایک ماہ من ابتدائے ۱۰ فروری ۱۹۳۶ء لغایت ۱۰ مارچ ۱۹۳۶ء برائے جانے مکان دیجانا منظور ہے۔ آرڈر ہذا جاری ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیواسطے مطبع کو بھیجی جائے۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر)

رخصت

۱۰ فروری ۳۶ء

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور انفنٹری معروضہ ۲۰ فروری ۱۹۳۶ء جمعدار رنگو انداس صاحب کمپنی D کو رخصت ۲۱ یوم من ابتدائے ۲۲ فروری ۱۹۳۶ء لغایت ۲۰ مارچ ۱۹۳۶ء برائے جانے امروہہ بغرض درست شادی خود دیجانا منظور ہے۔ آرڈر ہذا جاری ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیواسطے مطبع کو بھیجی جائے۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر)

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ رامپور

درج ۱۷ فروری ۱۹۳۶ء

فہرست مقدمات پیشی جن کی پیشی من ابتدائے ۱۴ فروری ۱۹۳۶ء لغایتہ ۲۰ فروری ۱۹۳۶ء عدالت ہائی کورٹ میں ہوئی بغرض اشاعت گزٹ مطبع سرکاری کو مرسلہ۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر۔

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	کیفیت مقدمہ	نتیجہ
۱۴ فروری ۱۹۳۶ء	جمعہ	تعطیل جمعہ	•	•	•
۱۵ فروری	شنبہ	اجلاس عالیمرتبت مسٹر محمود شاہ خاں صاحب بہادر جسٹس	سرکار رہبا در بنام احمد حسین وغیرہ	ابتدائی فوجداری بجرم دفعہ ۳۷۷	منجانب اسٹیٹ ایڈوکیٹ درخواست پیش ہوئی ہے کہ آج گواہ ثبوت حاضر نہیں ہیں۔ کوئی دیگر تاریخ مقرر کیجائے۔ لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۱۵ مارچ کو پیش ہو۔
//	//	//	الطاف علی بنام ایم علی جان	ابتدائی دیوانی بدعوے زر محصول ایجنسی کولمبو	وکلائے فریقین نے باتفاق التوائے مقدمہ کی درخواست پیش کی ہے لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۷ اپریل ۱۹۳۶ء کو پیش ہو۔
//	//	//	ریوتی رمن بنام رتن لعل	ابتدائی دیوانی بدعوے زر قرضہ لعلہ بابت	آج ایک گواہ مدعی کا بیان قلمبند ہوا شہادت مدعی ختم ہوئی لہذا مدعا علیہ کی شہادت کے لئے مقدمہ کل پیش ہو
//	//	//	عاشق علی خاں بنام رگھنندن پرشاد	اپیل دیوانی بدعوے زر شرکت تعین حصہ	وکیل اپیلانٹ نے بیان کیا کہ آج میری طبیعت خراب ہے مقدمہ ملتوی کیاجاوے لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر تاریخ ۳ مارچ پیش ہو
//	//	اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	غلام محمد خاں بنام احمدی بیگم وغیرہ	اپیل دوم دیوانی بدعوی استقرار حق مکان	بوجہ دیگر کاموں کے نوبت پیشی نہیں آئی۔ مقدمہ ۲۶ فروری کو پیش ہو۔
//	//	//	کلن وغیرہ بنام سرکار رہبا در	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۱۲ ۴ ت	بوجہ دیگر کاموں کے نوبت پیشی نہیں آئی۔ مقدمہ لہذا ملتوی ہوکر ۲۲ فروری کو پیش ہو
//	//	//	عبدالقادر سائل بنام مسماۃ لاڈلی بیگم	نگرانی دیوانی نسبت ترمیم عرضی نالش بدعوی تقسیم مکانات	بمنسوخی حکم عدالت ماتحت ترمیم اس شرط سے منظور کی جاتی ہے کہ تاریخ نالش سے تاریخ درخواست ترمیم تک خرچہ مقدمہ جملہ فریق ثانیان کو سائل ادا کرے۔

حصہ دوم

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۵ فروری ۳۲ء	شنبہ	اجلاس عالیہ ترتیب صاحب چیف جسٹس بہادر	سید ضیاء الحق بنام عبد القادر	نگرانی دیوانی نسبت ترمیم عرضی دعویٰ بدعویٰ تقسیم مکانات۔	نگرانی بذا نامنظور ہو۔
۱۶ / ″	یکشنبہ	اجلاس عالیہ ترتیب مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	ریوتی رمن بنام رتن لعل	ابتدائی دیوانی بدعویٰ [illegible]	آج پانچ کس گواہان مدعا علیہ کے بیانات قلمبند ہوئے وقت اجلاس ختم ہوگیا۔ بقیہ بیانات کے لئے مقدمہ کل پیش ہو۔
″	″	اجلاس عالیہ ترتیب صاحب چیف جسٹس بہادر	امجد علیخاں بنام نیت رام	اپیل دیوانی بدعویٰ زرقرضہ مالیتی [illegible]	تجویز عدالت ہائے ماتحت بحال رکھتے ہوئے اپیل اپیلانٹ خارج ہو۔
″	″	″	کنجی لال بنام کلو سنگھ	نگرانی صیغہ دیوانی بدعویٰ [illegible]	تعمیل سمن نہیں ہوئی لہذا وکیل سائل سے پتہ طلب ہو مقدمہ ۱۹ فروری کو پیش ہو۔
۱۷ / ″	دوشنبہ	اجلاس عالیہ ترتیب مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام فدا خاں	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ [illegible]	بوجہ دیگر کام تجویز مرتب نہ ہوسکی لہذا مقدمہ آج ملتوی ہوکر بتاریخ ۱۹ فروری پیش ہو۔
″	″	″	ریوتی رمن بنام رتن لعل	ابتدائی دیوانی بدعویٰ [illegible]	آج پانچ کس گواہان مدعا علیہ کے بیانات قلمبند ہوئے بقیہ گواہان کے لئے مقدمہ کل پیش ہو۔
″	″	اجلاس عالیہ ترتیب صاحب چیف جسٹس بہادر	چندشاہ بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۱۰۹ ض ف	حکم عدالت ماتحت میں صرف اس قدر ترمیم کیجاتی ہے کہ سائل بجائے ایکسال کے چھ ماہ کے لئے مچلکہ وضمانت داخل کرے۔ ورنہ چھ ماہ قید محض رہے۔
″	″	″	شمشیر دادخاں بنام جہانو	اپیل دیوانی بدعویٰ [illegible] زرمنافع	بعد سماعت بحث زیر تجویز
″	″	″	شمشیر دادخاں بنام بہاری	اپیل دیوانی بدعویٰ [illegible] زرمنافع	″
″	″	″	پھول خاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۱۰۹	نگرانی سائل اس حد تک منظور ہو کر سائل بجائے ایکسال کے چھ ماہ کے لئے مچلکہ وضمانت داخل کرے ورنہ چھ ماہ قید محض

جلد دوم

رپورٹ هفته گزشتہ ابتدا ۲۲ فروری ۱۹۳۶ء

نمبر ۲

تاریخ	دن	اسم اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۰ فروری ۳۶ء	دوشنبہ	اجلاس عالیہ بصدارت جناب چیف جسٹس بہادر	حشمت اللہ خاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۱۱۰ ضابطہ	نگرانی سائل نامنظور ہو۔
۱۸ر	شنبہ	اجلاس عالیہ بصدارت مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام یونس خاں	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	آج بحث سماعت ہوئی مقدمہ بغرض صدور تجویز و حکم بتاریخ ۲۷ر فروری پیش ہو۔
//	//	//	ریوتی رمن صاحب بنام رتن لال مدعا علیہ	ابتدائی دیوانی بدعوی للعہ	آج مدعا علیہ بحیثیت گواہ پیش ہوا بیان قلمبند ہوا۔ وکیل مدعی کی جرح ختم نہ ہوئی اور وقت اجلاس ختم ہوگیا۔ لہذا مقدمہ کل پیش ہو۔
//	//	//	لال جی بنام امجد علی خاں	اپیل دیوانی بدعوی [illegible]	آج مقدمہ سیشن کی بحث سنی گئی اور مقدمہ ابتدائی دیوانی کے گواہان سماعت ہوتے اس لئے فرصت نہ ہوئی مقدمہ ملتوی ہو کر بتاریخ ۲ر مارچ پیش ہو
//	//	اجلاس عالیہ بصدارت جناب چیف جسٹس بہادر	بدھا وغیرہ بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ [illegible]	نگرانی بجرم [illegible] سائلان منظور ہو۔ حکم عدالت [illegible] منسوخ ہو اور [illegible] جیل سے رہا کئے جاویں
//	//	//	[illegible] وغیرہ بنام [illegible]	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	آج ایڈووکیٹ [illegible] مقدمہ سیشن کی پیروی میں [illegible] ہیں لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر ۲ر مارچ کو پیش ہو
//	//	//	احسان اللہ خاں بنام [illegible]	اپیل دوم دیوانی بدعوی [illegible] زر تنخواہ	بعد سماعت بحث زیر تجویز
۱۹ر	چہارشنبہ	اجلاس عالیہ بصدارت مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام فدا خاں	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۲۶ ت	فدا خاں ملزم حاضر بعدم ثبوت جرم دفعہ ۳۲۶ دوم تعزیرات [illegible] بری ہو۔
//	//	//	ریوتی رمن بنام رتن لال	ابتدائی دیوانی بدعوی للعہ	آج مہابیر پرشاد و جمال الدین خاں گواہان مدعا علیہ کے بیانات قلمبند ہوئے اور [illegible] گواہ مدعا علیہ سے جرح ہو کر سلسلہ بیان ختم کیا گیا۔ مدعا علیہ سے جرح شروع ہو گئی ہے۔ مقدمہ زیر پیشی ہے۔
//	//	//	محمد جان وغیرہ بنام [illegible]	اپیل دیوانی بدعوی تقسیم [illegible]	وکلاء فریقین نے باتفاق درخواست التوائے مقدمہ پیش کی جو منظور ہوئی لہذا مقدمہ ۲ر مارچ کو پیش ہو

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۹ فروری ۱۹۳۶ء	چہارشنبہ	اجلاس عالیجناب مسٹر محمد نثار خاں صاحب بہادر	دودھ خاں قیدی بنام سرکار	اپیل فوجداری بجرم دفعہ [illegible]	اپیل منسوخ تجویز جرم نا منظور ہو [illegible] قید بجائے ایک سال کے چھ ماہ رکھی جاتی ہے
//	//	اجلاس عالیجناب چیف جسٹس بہادر	رام [illegible] بنام فیضو وغیرہ	نگرانی دیوانی بابت [illegible]	وکیل سائل بحث کے لئے تیار نہیں ہیں [illegible] مقدمہ ملتوی ہو کر ۲۵ فروری کو پیش ہو
//	//	//	کنھی لال بنام کلو سنگھ وغیرہ	// بابت [illegible]	حسب درخواست سائل سمن اخبار میں طبع کیا جائے مقدمہ ۱۲ مارچ کو پیش ہو۔
//	//		سکھراج بنام غلام علی بیگ	نگرانی زیادتی سزا بجرم دفعہ ۵۷/۴۰۶ ت	غلام علی بیگ ملزم تحت دفعہ [illegible] ت ایک از قید سخت کا سزایاب ہو حکم عدالت ماتحت نسبت [illegible] حسب دفعہ ۵۶۲ ض ف منسوخ ہو
	پنجشنبہ	تعطیل شیوراتری			

حکم اجلاس صاحب فنانس سکریٹری بہادر

(دارقم ۲۱ فروری ۱۹۳۶ء)

رخصت

ظہری تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ اکاؤنٹ دفتر دربارہ منظوری رخصت علالت دو ماہ مسمی گوپال رودکرٹیہ خزانہ صدر شاہرہ وار کے پانچ روپیہ از ۲۰ دسمبر ۱۹۳۵ء لغایۃ ۲۷ فروری ۱۹۳۶ء

بموجب سارٹیفکٹ معالج بوضع نصف تنخواہ بوجہ عدم استحقاق رخصت رعایتی بذیعہ ثبت کر رہ کرٹیہ کا کام رام پرشاد لال گماشتہ کر رہا ہے

حکم

رخصت علالت دو ماہ نصف تنخواہ پر ۲۸ دسمبر ۱۹۳۵ء سے ۲۷ فروری ۱۹۳۶ء تک گوپال داس رودکرٹیہ کی منظور ہے

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب فنانس سکریٹری بہادر

(دستخط)

بموجب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب اکاؤ

احکام اجلاس ایڈیشنل ناظم صاحب

جرمانہ

۲۰ر فروری سنہ ۱۹۳۶ء

مثبتہ رپورٹ ضلعدار صاحب تحصیل سوار بدیں خلاصہ کہ
محمد علیخاں ضلعدار بعلاقہ میرپور سے دو جلد سادہ چکبندی
دبی کھاتہ سنہ ۴۴ف متعلق مواضعات مصطفی آباد خورد و
کلاں گم ہو گئیں۔ تحقیقات سے ضلعدار کی بدنیتی ثابت
نہیں ہوتی اتفاقیہ گمشدگی ہوئی۔ بہی کھاتہ ضلعدار نے
مرتب کر لیا ہے۔ چونکہ کاغذات سرکاری کو
احتیاط سے رکھنا ضلعدار کا فرض منصبی تھا لہذا
تنبیہ کی ضرورت ہے نیز دو جلد سادہ چکبندیات کی
قیمت بھی ضلعدار سے وصول ہونا چاہیے معروضہ

تحصیلدار صاحب

حکم

منشی محمد علیخاں ضلعدار پر بوجہ گم کر دینے دو جلد بہی کھاتہ و دو جلد
رسید بہی ایک روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے برائے آئندہ ہدایت کیجاوے
کہ کاغذات سرکاری کو حفاظت سے رکھیں احکام ضابطہ صادر ہے
جاری ہوں۔

دستخط ایڈیشنل ناظم صاحب

جرمانہ

۱۲ر فروری سنہ ۱۹۳۶ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب تحصیل بلاسپور بابت
جرمانہ موازی ۸ آنہ ۳ آنہ بر منشی اختیار حسین محرر حینہ قائم مقام بابت
روانگی کاغذات تعمیر پیمانہ جات تاخیر

حکم

حسب سفارش تحصیلدار صاحب بلاسپور منشی اختیار حسین محرر
قائم مقام پر ۸ آنے جرمانہ کیا جاتا ہے۔ برائے آئندہ اسکو

فہمایش کیجاوے احکام ضابطہ صادر ہے جاری ہوں۔
دستخط ایڈیشنل ناظم صاحب

احکام اجلاس ناظم صاحب

رخصت

۱۲ فروری ۱۹۳۶ء

مثنہ رپورٹ تحصیلدار صاحب تحصیل بابتہ منظوری رخصت رعایتی ایک ماہ عبدالمجید خاں قرق امین شاہ آباد باب ستر روپیہ از ۱۷ دسمبر ۱۹۳۵ء ذمہ داری سید جعفر علی نائب رجسٹرار معہ رپورٹ دیگر باطلاع واپسی قرق امین مذکور بعد ختم رخصت مصدقہ صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

حکم

رخصت رعایتی ایک ماہ کامل مبدا ۱۷ دسمبر ۱۹۳۵ء لغایت ۱۶ جنوری ۱۹۳۶ء منظور ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط ناظم صاحب

معطلی

نظام الدین خاں ضلعدار موضع جمولی کا وصول نہایت خراب ہے صرف ۳۵ فیصدی ہے اور جملہ ضلعداران تحصیل ہذا کے وصول خراب ہے لہذا نظام الدین خاں ضلعدار معطل کیا جاتا ہے سربراہ کار صاحب حلقہ آج چارج لینگے کل دوسرا شخص بطور قائم مقام بھیجا جاویگا تحصیلدار صاحب مطلع ہو کر تعمیل کریں

۵ جنوری ۱۹۳۶ء دستخط ناظم صاحب

مثنہ رپورٹ تحصیلدار صاحب تحصیل ٹلک باطلاع تبادلہ چارج ما بین نظام الدین خاں ضلعدار و دن گوپال بتاریخ ۶ جنوری ۱۹۳۶ء

حکم

اول احکام ضابطہ معطلی نظام الدین خاں و قائم مقام کئے جانے دن گوپال گرداور کے ضلعدار کے صدر سے جاری ہوں اور

یہ کاغذات واپس سررشتہ منگائے جاویں - مورخہ ۱۲ فروری ۱۹۳۶ء

دستخط ناظم صاحب

روبکار اجلاس صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر

واقع ۱۱ فروری

اکثر استغاثہ جات میں نام گواہان ثبوت معہ ولدیت و سکونت ظاہر نہیں کئے جاتے جو بروئے قانون ضابطہ و بنظر انصاف ضروری ہے

لہذا حکم ہوا کہ

جملہ وکلا صاحبان و عرضی نویسان کو ہدایت کیجاتی ہے کہ نقشہ استغاثہ میں گواہان کے نام اور پورا پتہ لکھا جایا کرے اور منصف مجسٹریٹ صاحبان کو بھی اطلاع دیجائے کہ وہ بھی اس حکم کی پابندی اہل معاملہ سے کرائیں نا ظر تحت روبکار ہذا اطلاعیابی کرالیں اور ایک نقل روبکار ہذا کی بغرض اطلاع عام درج گزٹ کیجائے۔

(دستخط صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر)

حکم اجلاس افسر صاحب جنگلات

تکمیل تنخواہ

۵ فروری ۱۹۳۰ء

قدرت علی خان فارسٹر یکم مارچ سے کام کر رہا ہے
آسامی فارسٹر اسکی تنخواہ کمی کی گئی ہے بارہ روپیہ ماہوار ہے
لیکن اوسکو استحقاقاً دس روپیہ ماہوار پر تنخواہ دیا گیا تھا
اسکا کام اچھا ہے لہذا اسکو پوری تنخواہ یکم فروری ۱۹۳۰ء
سے دیجاوے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط افسر صاحب جنگلات

حکم جرمانہ

۵ فروری ۱۹۳۰ء

لیاقت علیخان فارسٹر حلقہ تحصیل [illegible] سے [illegible]
کے متعلق دریافت کیا گیا تھا کہ [illegible] کون
ہیں۔ کہ نیلام دکانات کی اطلاع حسب ضابطہ دیگئی ہے۔
فارسٹر نے جواب کوئی مفصل نہیں دیا کہ [illegible] کون
ہے نام نہیں لکھا گیا اور نہ یہ کہا کہ اجازت نامہ کس نے جاری
کر دیا ہے۔ لہذا فارسٹر لیاقت علیخان پر ۱۵ روپیہ
جرمانہ کیا جاتا ہے۔ فارسٹر مذکور کو یہ آگاہ تحریر
کر دیا گیا ہے کہ اگر اب بھی جواب کافی نہیں دیا تو اور سزا دی جاوے گی۔

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط افسر صاحب جنگلات)

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ہفتہ سوئم ماہ فروری سنہ ۱۹۳۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ سیر ۱۰ سیر	۱۰ سیر		۱۱ سیر	۱۱ سیر	۱۱ سیر	تحصیل ملک سے نقشہ موصول
نخود خالص	۱۳ سیر ۱۴ سیر	۱۵ سیر		۱۵ سیر	۱۳ سیر	۱۳ سیر	نہیں ہوا
نخود گیہوں آمیز	۱۴ سیر ۱۵ سیر	۱۴ سیر		۱۴ سیر	۱۵ سیر	۱۵ سیر	
گڑ	۱۵ سیر ۱۵ سیر	۱۴ سیر		۱۴ سیر	۱۴ سیر	۱۴ سیر	
ماش	۱۰ سیر ۱۱ سیر	۱۰ سیر		۱۰ سیر	۱۰ سیر	۱۰ سیر	
مونگ	۱۰ سیر ۱۱ سیر	۱۰ سیر		۹ سیر	۱۰ سیر	۱۱ سیر	
مکا	۱۶ سیر ۱۸ سیر			۱۷ سیر	۱۶ سیر	۱۵ سیر	
جئی	۱۷ سیر ۱۸ سیر					۲۰ سیر	
گوجئی	۱۳ سیر ۱۴ سیر					۱۹ سیر	
عدس		۹ سیر		۱۱ سیر	۱۲ سیر	۱۲ سیر	
ارہر	نرخ بازار	۵ سیر		۸ سیر	۰	۱۲ سیر	
برنج	۹ سیر ۱۰ سیر	۸ – ۹ سیر		۹ سیر	۸ سیر	۹ سیر	
روغن زرد	۱۲ ۱۳ چھٹانک	۱۳ چھٹانک		۱۳ چھٹانک	۱۴ چھٹانک	۱۳ چھٹانک	
روغن سیاہ	۲ سیر ۳ سیر	۲ سیر		۲ سیر	۲ سیر	۲ سیر	
روغن کنجد	۲ سیر ۲ سیر	۲ سیر		۱ سیر	۲ سیر	۱ سیر	
نمک سانبھر	۹ سیر	۹ سیر		۹ سیر	۱۰ سیر	۹ سیر	
نمک لاہوری	۶ سیر	۷ سیر		۷ سیر		۸ سیر	
قند سیاہ	۱۱ سیر ۱۲ سیر	۱۰ سیر		۱۰ سیر	۱۰ سیر	۱۱ سیر	
باجرہ	۱۴ سیر ۱۵ سیر	۱۶ سیر		۱۵ سیر	۱۵ سیر	۱۴ سیر	

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)